ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 19 مارچ 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے آغا خان اسپتال میں زیر علاج تھانہ اے سیکشن کے ایس ایچ او سب انسپکٹر غلام قادر جتوئی کی عیادت کی اور جرائم کیخلاف انکی کارکردگی کو سراہتے ہوئے شاباش دی اور نقد انعام و تعریفی سند دینے کا اعلان کیا۔

انہوں نے موقع پر موجود سینئر پولیس افسران کو ہدایات دیں کہ زخمی پولیس آفیسر کے علاج معالجے میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے اور اس ضمن میں اسپتال انتظامیہ سے تمام تر روابط کو یقینی بنایا جائے۔

تفصیلات کیمطابق جرائم کیخلاف چھاپہ مار ایکشن کے نتیجے میں تھانہ کچو کیٹی کشمور کی حدود میں پولیس مقابلے کے دوران دو مغویان فیصل حاجانو اور زاہد حاجانو کو ڈاکوؤں کے چنگل سے صحیح سلامت بازیاب کرایا گیا تاہم اس دوران ایس ایچ او تھانہ اے سیکشن سب انسپکٹر غلام قادر جتوئی ڈاکوؤں کی فائرنگ سے زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر قریبی اسپتال بعد ازاں آغا خان اسپتال کراچی برائے علاج معالجہ منتقل کیا گیا۔

۔۔۔۔۔۔۔